نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

یکم ستمبر 2010ء

برائے فوری اجراء

472/2010

رابطہ: رچرڈ سنیلسائر

ترجمان

فون: 0300-501-2640

امریکہ کی جانب سے سیلاب زدہ علاقوں میں امدادی سامان کی نقل وحمل میں اضافہ

اسلام آباد (یکم ستمبر 2010ء) ___ امریکہ عالمی تنظیم برائے مہاجرین (آئی او ایم) کو انسانی ہمدردی کی بنیاد پر نقل وحمل کی کارروائیوں اور صحت، سر چھپانے کے ٹھکانوں، پانی، نکاسیٔ آب اور حفظان صحت (واش) کے پروگراموں کیلئے اشد ضروری اشیاء کی ہنگامی ترسیل کیلئے تقریباً 2 ملین ڈالر فراہم کر رہا ہے۔

اس رقم سے آئی او ایم سر چھپانے کے ٹھکانوں کیلئے ضروری سامان اور دیگر امدادی اشیاء سیلاب سے متاثرہ علاقوں، بشمول ٹھٹھہ، میں تیزی سے پہنچا سکتا ہے، جہاں سیلاب کا پانی اترنے کے بعد ہزاروں لوگ اپنے گھروں کو واپس لوٹ رہے ہیں۔

حکومت پاکستان کی اعانت کیلئے جاری نقل وحمل کے اس آپریشن میں انسانی بنیادوں پر فراہم کی جانے والی امدادی اشیاء کو ٹرکوں کے ذریعے ایسے مراکز تک پہنچانا شامل ہے جہاں سے انھیں خچر، جیپ، طیارے یا دوسرے ذرائع سے آگے تقسیم کیا جا سکے۔ مزید شعبوں میں اعانت کی ضرورت پڑنے پر نقل وحمل کے نئے مراکز قائم کئے جائیں گے۔

امریکہ اب تک پاکستان کے عوام کو انسانی بنیاد پر ہنگامی اعانت کی مد میں 150 ملین ڈالر سے زیادہ کی امداد فراہم کر چکا ہے۔ سیلاب زدگان کی مدد کیلئے حکومت پاکستان کی معاونت کے ضمن میں امریکہ کی ترجیحات میں دشوار گزار علاقوں تک رسائی اور وہاں امداد کی فراہمی، اس امر کو یقینی بنانا کہ سیلاب سے پیدا ہونے والی موجودہ ہنگامی صورتحال صحت کے کسی بحران سے مزید گمبھیر نہ ہو جائے اور مناسب امریکی وسائل کو مؤثر اور باکفایت طریقے سے استعمال کرنا شامل ہے۔

###

اسلام آباد	لاہور	کراچی	پشاور
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ رمنا-5، اسلام آباد فون: 2082000 E-mail: infoisb@state.gov	50 ایمپریس روڈ فون: 6034000 E-mail: irclahore@state.gov	کلکٹرز لین، 8 عبداللہ ہارون روڈ فون: 5204200 E-mail: irckhi@state.gov	11۔ اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ فون: 5268800